(۲)

ریاض الحسنات

مؤلف : حضرت مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ
ضخامت : ۸۰ صفحات
ناشر : دارالحدیث قدسیہ محلہ مسجد توحید گنج منڈی بہاؤ الدین ضلع گجرات

زیر نظر کتاب میں پنجسورہ (الٓمٓ سجدہ، یٰسٓ، ملک، نوح اور سورۃ مزمل) کے علاوہ اسماء الٰہیہ اور بعض اذکار مسنونہ مع ترجمہ و ضروری تشریح درج کیے گئے ہیں۔ پہلی مرتبہ یہ کتاب ثنائی پریس امرتسر سے ۱۹۴۶ء میں چھپی تھی، اب مولانا صوفی احمد دین حنیف صاحب خطیب جامع مسجد اہل حدیث منڈی بہاؤ الدین نے شائع کی ہے۔ کتاب پر ہدیہ درج نہیں۔ کتابت وطباعت عمدہ، مجلد ہے۔

مولانا احمد دین حنیف صاحب نے مندرجہ ذیل کتب بھی محمدی اکیڈمی کے تحت شائع کی ہیں۔

۲۔ تفسیر سورۃ فلق والناس : مصنفہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ، ضخامت ۸۰ صفحات، ہدیہ اشاعت فنڈ ......

۳۔ امام بخاریؒ کی مشہور تصنیف "جزء رفع الیدین" مع ترجمہ، ضخامت ۶۰ صفحات ہدیہ اشاعت فنڈ چھ روپے۔

۴۔ "البرهان القوی بجواب السلطان القوی" مرتبہ مولانا ابو سہیل محمد عبداللہ صاحب۔

ضخامت : ۸۰ صفحات، ہدیہ بطور صدقہ جاریہ : ۸ روپے

رسالہ ہٰذا میں قرآن و حدیث و فقہ حنفیہ سے مروجہ دعا بعد از نماز جنازہ کی بدلائل قویہ تردید کی گئی ہے اور فریق مخالف کے بے محل استدلال و قیاسات کے مکمل مفید جوابات درج کیے گئے ہیں۔

۱۔ "استقامت" — ضخامت : ۴۸ صفحات، ہدیہ اشاعت فنڈ ۵ روپے

یہ رسالہ دراصل مولانا قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصور پوری کا ایک یعنی مکتوب گرامی ہے جو آپ نے ایک متذبذب مسلمان خط کے جواب میں